# N 965

Seat Number | | | | | | | |

2026 III 16 1100 **-N 965-** SOCIAL SCIENCES (73) HISTORY & POLITICAL SCIENCE—PAPER I (U)

**(REVISED COURSE)**

**Time : 2 Hours** **(Pages 11)** **Max. Marks : 40**

---

ہدایات :—

(1) تمام سوالات/تمام سرگرمیاں حل کرنا لازمی ہیں۔

(2) بائیں طرف سوالات کے مارکس دئے گئے ہیں۔

(3) سوال نمبر 1 تا 5 سرگرمی تاریخ اور سوال نمبر 6 تا 9 سیاسیات پر مبنی ہیں۔

(4) سوال نمبر 2(A) اور سوال نمبر 8(B) کے تصوراتی خاکے قلم (پین/پینسل) سے جوابی پرچے میں بنانا ضروری ہے۔

(5) سوال نمبر 1(A) اور (B) اور سوال نمبر 6 ان سوالات کے جوابات جوابی پرچے میں ایک سے زائد مرتبہ لکھے گئے ہوں تو پہلا لکھا ہوا جواب ہی مارکس کے لئے لیا جائے گا۔

P.T.O.

1. (A) درج ذیل میں سے مناسب متبادل چن کر بیانات مکمل کیجئے : 3

(1) دنیا کا سب سے قدیم عجائب گھر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ شہر کی کھدائی کے دوران دریافت ہوا۔

(الف) دلّی

(ب) ہڑپّا

(ج) اُر

(د) کولکاتا

(2) مہاراشٹر کا اولین کیرتن کار ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کو کہا جاتا ہے۔

(الف) سنت گیانیشور

(ب) سنت تکارام

(ج) سنت نام دیو

(د) سنت ایکناتھ

Seat Number

(3) جدید تاریخ نویسی کا بانی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کو کہا جاتا ہے۔

(الف) والٹیر

(ب) رینے ڈیکارٹ

(ج) لیو پالڈ وان رانکے

(د) کارل مارکس

(B) درج ذیل میں سے غلط جوڑی پہچان کر دوبارہ لکھئے: 3

(1) (i) پربھاکر — آچاریہ پی. کے. اَترے

(ii) درپن — بال شاشتری جامبھیکر

(iii) دین بندھو — کرشن راؤ بھالیکر

(iv) کیسری — بال گنگا دھر تلک

(2) (i) بال بھٹ دیودھر — ملکھامب

(ii) کھاشا با جادھو — فٹ بال

(iii) میجر دھیان چند — ہاکی

(iv) سچن تنڈولکر — کرکٹ

(3) (i) مہاراج سیاجی راؤ

یونیورسٹی — دہلی

(ii) بنارس ہندو

یونیورسٹی — وارانسی

(iii) علی گڑھ مسلم


یونیورسٹی — علیگڑھ

(iv) جیواجی یونیورسٹی — گوالیار


**Seat Number** [ ]

2. (A) درج ذیل دی گئی ہدایت کے مطابق عمل کیجئے (کوئی دو): 4

(1) دور درشن سے تعلق رکھنے والے زمانوں کو مکمل کیجئے:




(2) درج ذیل تصوراتی خاکہ مکمل کیجئے:




| غیر مرئی | مرئی |
| --- | --- |
| (1) ...................... | (1) ...................... |
| (2) ...................... | (2) ...................... |

(3) درج ذیل خاکہ مکمل کیجئے :

| عالمی شہرت یافتہ عجائب گھر | ممالک |
|---|---|
| (i) لور عجائب گھر | ........................ |
| (ii) ........................ | انگلینڈ |
| (iii) سالار جنگ میوزیم | ........................ |
| (iv) ........................ | یونائیٹڈ اسٹیٹس آف امریکہ |

(B) مختصر نوٹ لکھئے ( کوئی دو ) : 4

(1) قوم پرست تاریخ نویسی

(2) اطلاقی تاریخ

(3) مارکو پولو

Seat Number

3. درج ذیل بیانات کی وجوہات کے ساتھ وضاحت کیجئے (کوئی دو) : 4

(1) فن کی تاریخ کا گہرا علم رکھنے والے ماہرین کی ضرورت ہوتی ہے۔

(2) مختلف مضامین کی سرگرمیوں کے لئے تربیت کی ضرورت ہوتی ہے۔

(3) خواتین کی زندگیوں کے مختلف پہلوؤں پر غور وفکر پر مبنی تحقیق کا آغاز ہوا۔

(4) فلمی شعبے میں تاریخ کا مضمون بہت اہمیت رکھتا ہے۔

4. مندرجہ ذیل کے اقتباس کا مطالعہ کیجئے اور پوچھے گئے سوالات کے جوابات لکھئے : 4

**سوہ گوڑا تامرپٹ :** یہ تامرپٹ (تانبے کی تختی) سوہ گوڑا (ضلع گورکھ پور، اُتر پردیش) میں دریافت ہوا جسے موریہ عہد کا تامرپٹ مانا جاتا ہے۔ تامرپٹ پرکندہ تحریر براہمی رسم الخط میں ہے۔ تحریر کی ابتداء میں جو نشانات ہیں اس میں درخت کے گرد بنے چبوترے اور پہاڑ (ایک پر ایک موجود تین کمانیں) جیسے نشانات قدیم سکوں پر بھی دکھائی دیتے ہیں۔ ماہرین کا خیال ہے کہ چار ستونوں پر کھڑی دو منزلہ عمارت کی طرح دکھائی

دینے والے نشانات اناج کے گوداموں کو ظاہر کرتے ہوں گے۔ اس تحریر میں اِس گودام کے اناج کو احتیاط سے استعمال کرنے کا حکم درج ہے۔ مانا جاتا ہے کہ یہ حکم سوکھے اور قحط جیسے حالات سے نپٹنے کی خاطر اختیاطی اقدامات پر مشتمل ہوگا۔

سوالات :

(1) سوہ گوڑا تامرپٹ کس دور کا ہوگا ایسا مانا جاتا ہے؟ 1

(2) سوہ گوڑا تامرپٹ پر کندہ تحریر کونسے رسم الخط میں ہے؟ 1

(3) سوہ گوڑا تامرپٹ کی تاریخی اہمیت بتایئے۔ 2

5. درج ذیل سوالات کے مفصل جواب لکھئے (کوئی دو) : 6

(1) بھارت میں فنِ تعمیر کے مسلم طرز کی خصوصیات مثالوں کے ساتھ واضح کیجئے۔

(2) آکاش وانی کی مفصل تاریخ بیان کیجئے۔

(3) میدانی کھیل اور نشستی کھیل کے مابین فرق واضح کیجئے۔

(4) تاریخی مقامات کی نگہداشت اور تحفظ کے لئے ہمیں کون کونسی اہم احتیاطی تدابیر لازمی ہے؟ بیان کیجئے۔

Seat Number

6. درج ذیل میں سے مناسب متبادل چن کر بیان مکمل کیجئے : 2

(1) دستور میں ترمیم کرتے وقت بنیادی ساخت کو نقصان نہ پہنچاتے ہوئے دستور میں ترمیم کرنے کا اختیار ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کو حاصل ہے۔

(a) پارلیمنٹ

(b) عوام

(c) صدر جمہوریہ

(d) نائب صدر جمہوریہ

(2) زرعی پیداوار بڑھانے اور اناج کے معاملے میں خودکفیل ہونے کے لئے ۔۔۔۔۔۔ لایا گیا۔

(a) آبی انقلاب

(b) سبز انقلاب

(c) صنعتی انقلاب

(d) سفید انقلاب

.7 درج ذیل بیانات صحیح ہیں یا غلط مع وجوہات کے ساتھ واضح کیجئے (کوئی دو): 4

(1) سماجی انصاف و مساوات قائم کرنے کے نظریے سے محفوظ نشیستوں کا انتظام اہم ہے۔

(2) ریاستی حکومت طئے کرتی ہے کہ کسی ریاست میں کب اور کتنے مرحلوں میں الیکشن کروایا جائے۔

(3) الیکشن میں بدعنوانیوں کی وجہ سے لوگوں کا جمہوری عمل پر سے بھروسا اُٹھ سکتا ہے۔


.8 (A) درج ذیل تصوّرات کو واضح کیجئے (کوئی ایک): 2

(1) علاقائیت

(2) لوک سبھا میں عورتوں کی نمائندگی

(B) مندرجہ ذیل دی ہوئی ہدایت کے مطابق عمل کیجئے (کوئی ایک): 2


(1) مندرجہ ذیل تصوّراتی خاکہ مکمل کیجئے:



# 11/N 965

Seat Number | | | | | | |

(2) درج ذیل تصوّراتی خاکہ مکمل کیجئے :




9. درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھئے (کوئی ایک) : 2

(1) حقوق اور آزادی والے الیکشن لیتے وقت درپیش چیلنجز بیان کیجئے۔

(2) سیاسی عمل کو شفاف بنانے کے لئے کون سی کوششیں کی جاتی ہیں ؟